## حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن، محبت، شانتی اور احترام انسانیت کا پیغام ہے۔الطاف حسین

## احترام انسانیت اور امن و بھائی چارے کے فروغ کیلئے حضرت شاہ لطیف بھٹائیؒ کے پیغام امن کو پھیلانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔شاہ لطیف بھٹائیؒ کے سالانہ عرس کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔10فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سندھ کے عظیم صوفی بزرگ حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن ،محبت ،شانتی اور انسانیت کے احترام کا پیغام ہے۔شاہ لطیف بھٹائیؒ کے سالانہ عرس کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ نے صدیوں پہلے سندھ کی دھرتی پر آکر لوگوں کو اسلام کی تعلیمات سے روشناس کرایا اور لوگوں کو ایک دوسرے سے نفرت کے بجائے ایک دوسرے سے محبت، احترام انسانیت اور امن و بھائی چارے کا درس دیا، شاہ لطیفؒ کے درس اور تعلیمات ہی کی بدولت صوفیوں کی سرزمین سندھ دھرتی نے کسی بھی مذہب یا قوم کے سے تعلق رکھنے والوں سے نفرت نہیں کی بلکہ سب کو اپنے دامن میں پناہ دی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ احترام انسانیت اور سندھ میں امن و بھائی چارے کے فروغ کیلئے حضرت شاہ لطیف بھٹائیؒ کے پیغام امن کو پھیلانا آج وقت کی اہم ضرورت ہے۔

## شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے سالانہ عرس میں رابطہ کمیٹی اور حق پرست نمائندوں کی شرکت

## بھٹ شاہ میں زائرین کو طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے سہ روزہ مفت طبّی امدادی کیمپ کا انعقاد

کراچی۔۔۔10رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن اشفاق منگی ،حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد اور رکن سندھ اسمبلی نثار احمد پنہور نے سندھ کے صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے 265ویں سالانہ عرس کی تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے انچارج شریف خان اور اراکین زونل کمیٹی بھی ان کے ہمراہ تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے ملک کی ترقی وخوشحالی، عوام کی فلاح و بہبود، ایم کیو ایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں۔دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت ہرسال کی طرح اس مرتبہ بھی شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے 265ویں سالانہ عرس کے موقع پر بھٹ شاہ میں سہ روزہ طبی امدادی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جہاں زائرین کو علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔طبّی امدادی کیمپ کے پہلے روز میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے ہزاروں زائرین کا طبّی معائنہ کیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کی۔

## حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے سینئر صحافی اور کراچی پریس کلب کے سابق صدر صبیح الدین غوثی کی عیادت کی

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ پیش کیا

کراچی۔۔۔10رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست وزیر امور نوجوانان اور سندھ اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے ڈپٹی لیڈر فیصل سبزواری نے منگل کے روز مقامی ہسپتال میں داخل سینئر صحافی کراچی پریس کلب کے سابق صدر اور ممتاز صحافی رہنماء صبیح الدین غوثی کی عیادت کی اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کے اہلخانہ اور ڈاکٹروں سے خیریت دریافت کرنے کے علاوہ گلدستہ بھی پیش کیا۔بعدازاں انہوں نے ڈاکٹروں سے صبیح الدین غوثی کو لاحق عارضہ کے متعلق معلومات حاصل کیں اور انہیں ہدایت کی کہ صبیح الدین غوثی کے علاج ومعالجہ میں ان کی مکمل صحتیابی تک کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔دریں اثناء ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹر امداداللہ نے بھی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ہدایت پر صبیح الدین غوثی کی عیادت کی اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ کے کارکن ریاض الدین کے بھائی فرخ کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔10فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جرائم پیشہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ یونٹ 125 کے کارکن ریاض الدین کے چھوٹے بھائی فرخ کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان وزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر

سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

## عوام کی خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا نصب العین ہے، شعیب احمد بخاری

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لیاقت آباد موسیٰ کالونی میں ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ ٹیکے مفت لگائے گئے

کراچی ۔۔۔10 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری نے کہا کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی بلاامتیاز عملی خدمت کرنا متحدہ قومی موومنٹ کا نصب العین ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز لیاقت آباد کے علاقے موسیٰ کالونی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام مفت طبّی امدادی کیمپ کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔طبّی امدادی کیمپ میں علاقے کے سینکڑوں افراد کو ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کے ٹیکے مفت لگائے گئے ۔امدادی کیمپ کے انعقاد کا سلسلہ لیاقت آباد کے مختلف علاقوں میں گیارہ روز تک جاری رہے گا۔قبل ازیں سید شعیب احمد بخاری نے موسیٰ کالونی میں ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کیلئے لگائے کیمپ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ایلڈر زونگ کے رکن عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے۔طبی امدادی کیمپ میں موسیٰ کالونی اور قریب وجوار کے رہائشی عوام کا زبردست رش دیکھنے میں آیا اور لوگوں نے اپنی اہل خانہ کے ہمراہ کیمپ پہنچ کر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت طبّی سہولت سے استعفادہ کیا اور ہیپا ٹائٹس بی سے بچاؤ کے ٹیکے مفت لگوائے ۔اس موقع پر کیمپ میں موجود علاقے کے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب احمد بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر مکمل یقین رکھتی ہے اور عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، مسلک اور مذہب عملی خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤندیشن گزشتہ کئی دہائیوں سے دکھی انسانیت کی بےلوث خدمت کررہا ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن فلاحی سرگرمیوں کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے۔

## اقلیتی کارکن رچرڈ یونس کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔10 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بھٹائی آباد کے اقلیتی کارکن رچرڈ یونس کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی ۔

## اقلیتی کارکن رچرڈ یونس انتقال کرگئے، آخری رسومات میں ایم کیوایم کے نمائندوں کی شرکت

کراچی ۔۔۔10 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ بھٹائی آباد یونٹ کے جواں سال اقلیتی کارکن رچرڈ یونس علالت کے باعث انتقال کرگئے ۔مرحوم کی عمر 26 سال تھی وہ عرصہ دراز سے گردوں کے موذی مرض میں مبتلا تھے۔گزشتہ روز ان کی حالت زیادہ خراب ہوگئی اور وہ علالت کے دوران اپنے خالق حقیقی سے جاملے ۔مرحوم اپنے گھر کے واحد کفیل تھے۔دریں اثناء رچرڈ یونس مرحوم کو گورا قبرستان شاہراہ فیصل میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی آخری رسومات میں حق پرست نمائندوں، کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔10 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی 5 کے کارکن ندیم کے والد بابو خان، ایم کیوایم نارتھ کراچی ٹاؤن یوسی 11 کے نائب ناظم محمد عمران کی ہمشیرہ مسرت جاوید، ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 29 کے کارکن عمران اجمیری کے والد صمد اجمیری، ایم کیوایم گھوٹکی زون یونٹ سرحد کے جوائنٹ انچارج غلام مصطفیٰ میرانی کی صاحبزادی سائرہ بی بی اور ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے نیو یونٹ انچارج شیر محمد کے والد روڈو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین کا نظریہ ملک بھر کے عوام کیلئے مشعل راہ ہے، پی پی او سی

## متحدہ قومی موومنٹ فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہی ہے، تربیتی نشست سے خطاب

کراچی۔۔۔10رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک 98فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ ملک بھر کے عوام کیلئے مشعل راہ ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی صدرٹاؤن کے کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تربیتی نشست میں پی پی او سی کی مرکزی کمیٹی کے اراکین کے علاوہ مختلف یوسیز اور کنٹونمنٹ بورڈ کے رہائشی پنجابی پختون، سرائیکی، ہزارہ وال، کشمیری، گلگتی قومیت سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔گلفراز خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاسی جماعت نہیں بلکہ انقلابی تحریک ہے جوفرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمہ اور ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ خود کونظریاتی طور پر مستحکم بنائیں، تنظیمی لٹریچر کا باقاعدگی سے مطالعہ کریں اورایم کیوایم کی جدوجہد سے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆